حرفِ اوّل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حکمت قرآن کا ماہِ مئی کا شمارہ پیش خدمت ہے۔ ''تعارفِ قرآن'' کے عنوان سے محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے سلسلہ وار مضمون کی پانچویں قسط اس شمارے کی زینت ہے۔ یہ سلسلۂ مضامین محترم ڈاکٹر صاحب مدظلہ' کے مطالعہ قرآن کا ''حاصل'' قرار دیے جاسکتے ہیں' اور قارئین حکمت قرآن کے لیے بیش قیمت تحفہ ہیں۔ اللہ نے چاہا تو مضامین کی اشاعت کی تکمیل کے بعد انہیں کتابی شکل میں بھی شائع کر دیا جائے گا۔

محترم لطف الرحمٰن خان صاحب کے ''ترجمۂ قرآن مجید مع صرفی ونحوی تشریح'' میں بھی قارئین کی دلچسپی میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ مضامین قرآن فہمی کے ضمن میں بہت مفید ثابت ہو رہے ہیں۔ محترم حافظ نذیر احمد ہاشمی صاحب کی نظر ثانی سے ان کی افادیت اور ثقاہت میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں حضرات کی کاوشوں کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین۔ محترم لطف الرحمٰن خان صاحب کچھ عرصہ سے علیل ہیں۔ قارئین حکمت قرآن سے ان کی صحت یابی کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

دیگر مضامین کے علاوہ اس شمارے میں الشیخ محمود احمد یاسین کی مختصر مگر جامع تالیف ''حقوق الزوجین فی الاسلام'' کے اردو ترجمہ کی قسط اول شائع کی جارہی ہے۔ یہ مضمون ان شاء اللہ العزیز آئندہ شمارے میں مکمل ہو جائے گا۔ یہ تحریر بھی اسلام کے سماجی نظام کی مستند تعبیر پیش کرتی ہے اور خانگی معاملات کے ضمن میں اہم امور کی وضاحت پر مشتمل ہے۔

اہل علم حضرات اس امر سے واقف ہیں کہ ماہنامہ حکمت قرآن ایک غیر سیاسی اور غیر مسلکی مجلہ ہے۔ اس کے مشمولات کا نمایاں حصہ قرآنی علوم کی ترویج و اشاعت پر مشتمل ہے۔ اس سنجیدہ اور علمی مجلے کے صفحات بلند خیال اور رسوخ فی العلم رکھنے والے مصنفین اور محققین کے علمی مضامین کے لیے حاضر ہیں۔ اہل علم حضرات کے تعاون سے حکمت قرآن کو ترقی اور قبولیت کی اعلیٰ منازل تک پہنچایا جاسکتا ہے۔ ان شاء اللہ!